
تفسیر فرات (اردو)
شیخ المحدثین علامہ
فرات بن ابراہیم کوفیؒ
محمد شریف صاحب
پیشکش
قرآن ریسرچ کمیٹی
جامعہ صاحب الزمان علیہ السلام ملتان

حقوق الطبع محفوظۃ

نام کتاب ــــــــ تفسیر فرات

مؤلف ــــــــ شیخ المحدثین سرکار علامہ
فرات بن ابراھیم کوفی

مترجم ــــــــ ملک العلماء الحاج مولانا
ملک محمد شریف صاحب
مرحوم شاہ سرگودھوی ملتانی

پیشکش ــــــــ تنظیم حب علی علیہ السلام
لندن انگلینڈ

ناشر ــــــــ قرآن ریسرچ کمیٹی
جامعہ صاحب الزمان
علیہ السلام ملتان

ھدیہ ــــــــ -/175 روپے

اگست سنہ 2003ء

تنظیمِ انتظارِ مھدیؑ ملتان

کی تفسیر میں امام محمد باقر علیہ السلام نے فرمایا کہ اولی الامر حکم نافذ کرنے والے سے مراد آلِ محمدؐ ہیں، حکم صادر کرنے والے صرف یہ ہیں،

رسول اللہؐ نے فرمایا اس آیت میں امر سے مراد اولیا، آلِ محمدؐ ہیں۔ اس بارے میں یہ آیت ہے:

"اَطِیْعُوا اللّٰہَ وَاَطِیْعُوا الرَّسُوْلَ وَاُولِی الْاَمْرِ مِنْکُمْ" مِنْ اٰلِ مُحَمَّدٍ۔ آلِ محمدؐ اولوالامر ہیں۔

ابو مریم کا بیان ہے کہ میں نے امام جعفر صادق علیہ السلام سے اَطِیْعُوا اللّٰہَ وَاَطِیْعُوا الرَّسُوْلَ وَاُولِی الْاَمْرِ مِنْکُمْ کے بارے میں پوچھا یہ اطاعت ہم پر فرض ہے۔ فرمایا صرف رسولؐ اللہ کی اطاعت فرض ہے، اس آیت کی رو سے

مَنْ یُّطِعِ الرَّسُوْلَ فَقَدْ اَطَاعَ اللّٰہَ

جس شخص نے رسولؐ اللہ کی اطاعت کی اس نے خدا کی اطاعت کی۔

رسول اللہؐ کی اطاعت کے اندر علی بن ابی طالب کی اطاعت داخل ہے،

امام جعفر صادقؑ ـــــ اے سفیان! تمہیں ہدایت کی پیروی کرنا چاہیے۔

سفیانؒ ـــــ فرزندِ رسولؐ ہدایت کی پیروی کیا چیز ہے؟

امامؑ ـــــ کتابِ خدا اور شخص کی اتباع۔

سفیانؒ ـــــ فرزندِ رسولؐ میں نہیں جانتا کہ یہ شخص کون ہے۔

امامؑ ـــــ اس کا مطلب یہ ہے کہ تم نے دنیا خریدی ہے اور آخرت فروخت کر دی ہے۔ جس شخص نے آخرت پر دنیا کو ترجیح دی قیامت کے دن اللہ تعالیٰ اس کو اندھا محشور کرے گا۔

سفیانؒ ـــــ فرزندِ رسولؐ مجھے آگاہ فرمایئے کہ اس شخص سے کون مراد ہے۔ ممکن ہے اللہ تعالیٰ مجھے ہدایت دے۔